www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



## ۹- دورانِ تراویح تسبیحات کے لئے وقفے کا اہتمام؟

نماز تراویح کے دوران تسبیحات پڑھنے کے لیے وقفے کا اہتمام کرنا کسی بھی مرفوع متصل روایت سے ثابت نہیں - البتہ امام ابن قیم رحمتہ اللہ تعالیٰ نے "بدائع الفوائد" میں امام احمد رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے کہ وہ وقفوں میں درج ذیل کلمات پڑھا کرتے تھے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (ج ۴ ص ۱۱۰)

---

## ہوگئے آج وہی غرقِ فسادات انساں

موت کی زد میں ہے رہتا ہمہ اوقات انسان — لیکن افسوس سمجھتا نہیں یہ بات انساں

ظلمت قبر میں جو رات بسر کرنی ہے — غیر از قبر گزارے گا نہ وہ رات انساں

کل سوالات قیامت میں جو پیش آئیں گے — آج ہی سوچ لے خود ان کے جوابات انساں

پھر بھی سر خم نہیں کرتا ہے درِ قادر پر — دیکھتا رہتا ہے قدرت کے نشانات انساں

خالقِ خلق سے پوشیدہ نہیں ہیں وہ بھی — دل میں رکھتا ہے جو پوشیدہ خیالات انساں

کل فسادات کے جو نام سے گھبراتے تھے — ہوگئے آج وہی غرقِ فسادات انساں

جب برائی ہے برائی تو برائی کے لیے — ڈھونڈتا رہتا ہے کیوں وجہِ جوازات انساں

مقصدِ زیست سمجھنے کا انہیں وقت کہاں — بن گئے پیسے کمانے کے جو آلات انساں

خالقِ خلق کو جو ڈھونڈ رہے ہیں سُن لیں — خالقِ خلق کی ہیں آپ علامات انساں

دشت لبریز زر و مال سے مل جائے اگر — پھر بھی رہتا ہے سدا طالبِ بہتات انساں

موت کا ذکر نہ عاجزؔ، کوئی عقبیٰ کا بیاں
ہائے یوں کھو رہا ہے عمر کے لمحات انساں

(عبدالرحمٰن عاجز)

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ